8

# رمضان اور دعائیں

# قَرِيبٌ مُّجِيبٌ

LIVE

Taught By

**Dr. Farhat Hashmi**

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ
إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ

| وَ اِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِیْ | عَنِّیْ |
|---|---|---|---|
| اور جب | سوال کریں آپ سے | میرے بندے | میرے بارے میں |

| فَاِنِّیْ | قَرِیْبٌ |
|---|---|
| تو بے شک میں | قریب ہوں |

| اُجِیْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ |
|---|---|---|
| میں جواب دیتا ہوں | دعا کا | دعا کرنے والے کی |

| اِذَا | دَعَانِ |
|---|---|
| جب | وہ دعا کرے مجھ سے |

| فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لِیْ |
|---|---|
| پس ضرور وہ حکم مانیں | میرا |

| وَلْيُؤْمِنُوْا | بِیْ |
|---|---|
| اور ضرور وہ ایمان لائیں | مجھ پر |

| لَعَلَّهُمْ | يَرْشُدُوْنَ ﴿186﴾ |
|---|---|
| تا کہ وہ | وہ ہدایت پائیں |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# رمضان اور دعائیں

## قَرِيبٌ مُجِيبٌ

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ (البقرة: 186)

اور جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں تو (کہہ دیجئے) بے شک میں قریب ہوں میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارے تو ان کو چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان رکھیں تاکہ وہ ہدایت پائیں۔

فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُجِيبٌ [هود:61]

سو اس سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف پلٹ آؤ، یقینا میرا رب قریب ہے، قبول کرنے والا ہے۔

# اللہ کے لیے تعریفی کلمات

لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا سُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ [ صحيح مسلم:2696]

اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا اور تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں بہت زیادہ، پاک ہے اللہ جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ نہیں کوئی (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) قوت سوائے اللہ کے جو بہت زبردست حکمت والا ہے۔



# نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا



## درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى
آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيد، اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيد

اے اللہ ! محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح
تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک توہی
تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ ! محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر اسی طرح
برکت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت
نازل فرمائی، بے شک توہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

# نماز کی دعائیں

لَكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أُولَئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا (النساء:162)

لیکن ان میں سے جو لوگ علم میں راسخ ہیں اور جو مومن ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا اور جو نماز قائم کرنے والے ہیں اور زکوۃ ادا کرنے والے ہیں اور اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ہم ضرور اجر عظیم عطا کریں گے۔

## "الراسخون فی العلم" میں چار صفات پائی جانا

- ایک قول ہے کہ "الرَّاسِخ فِي الْعِلْمِ" وہ شخص ہوتا ہے جس میں چار چیزیں پائی جاتی ہیں:
- اس کے اور اللہ کے درمیان تقویٰ پایا جاتا ہے۔
- اس کے اور مخلوقات کے درمیان عاجزی و انکساری پائی جاتی ہے۔
- اس کے اور دنیا کے درمیان بے رغبتی پائی جاتی ہے۔
- اس کے اور اس کے نفس کے درمیان مجاہدہ پایا جاتا ہے۔[البحر المدید]

# اقامت صلاۃ

- ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اقامت صلاۃ کے معنی یہ ہیں کہ رکوع و سجود کو پورا پورا ادا کیا جائے،
- تلاوت کی جائے،
- خشوع و خضوع اور پوری پوری توجہ کے ساتھ نماز ادا کی جائے۔

قتادہ کہتے ہیں کہ اقامت صلاۃ کے معنی یہ ہیں کہ نماز کے اوقات، وضو، رکوع اور سجود کی حفاظت کی جائے۔

# نماز کا معنی و مفہوم

## نماز (صلاۃ) کا لغوی معنی

دعا کرنا

## نماز کا اصطلاحی معنی

- نماز قولی اور فعلی عبادت ہے جو تکبیر (اللہ اکبر) کے ساتھ شروع کی جاتی ہے اور تسلیم (السلام علیکم ورحمۃ اللہ) کے ساتھ ختم کی جاتی ہے۔

# نماز کی اہمیت

جن وانس کی تخلیق کا مقصد

عبادت کی بہترین قسم نماز ہے

عبادات میں پہلا حکم

تمام انبیاء کی طرف نماز کی وحی

موسی علیہ السلام کو اللہ سے ملاقات کے وقت نماز کا حکم

ابراہیم علیہ السلام کا اپنی اور اپنی اولاد کی نماز کی فکر کرنا

نماز کی وجہ سے اولاد بے آب و گیاہ وادی میں چھوڑنا

عیسی علیہ السلام کا پنگھوڑے میں نماز کا ذکر کرنا

مریم علیہا السلام کا نماز پڑھنا

لقمان حکیم کی نصیحت

اللہ کا اپنے بندوں کو نماز کا حکم دینا

سچے ایمان والوں کی علامت

نماز، اسلام کا دوسرا رکن

نماز، اسلام کا ستون

اللہ تعالی نے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں

عبداللہ (ابن مسعود) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انہوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے سوال کیا کہ اللہ کو کون سا عمل زیادہ پسند ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نماز کو اس کے وقت پر (ادا کرنا)۔

# نماز کی اہمیت

اللہ تعالی کا روزانہ دو بار فرشتوں سے بندوں کی نماز کی خبر لینا

نماز ایسا فریضہ ہے جو کسی بھی حالت میں کسی سے بھی ساقط نہیں ہو سکتا

نماز، اسلام اور کفر و شرک میں فرق کرنے والی

نمازوں کی حفاظت کا حکم

گھر والوں کو نماز کا حکم دینے پر جمے رہنا

بچوں کو نماز کا حکم دینا

حالت جنگ میں بھی نماز کی حفاظت

دجال جیسے عظیم فتنے کے وقت نماز کی حفاظت کرنا

نبی ﷺ کے آخری الفاظ

قیامت کے دن سب سے پہلا سوال

# نماز پڑھنے کے فائدے

- نماز سے کامیابی ملنا
- رحمت ملنا
- رزق ملنا
- فقر دور ہونا
- فرشتوں کی دعائیں ملنا
- خوف اور غم سے نجات ملنا
- اللہ کی مدد ملنا
- اللہ کی حفاظت ملنا
- بیماری سے شفا ملنا
- گناہ مٹنا

- گناہ دُھل جانا
- برائی و بے حیائی سے حفاظت ملنا
- بری عادات کا ختم ہونا
- نماز آنکھوں کی ٹھنڈک
- نماز سے راحت ملنا
- قیامت کے دن آنکھیں ٹھنڈی کرنے کا باعث
- قیامت کے دن اعضاء چمکنا اور روشن ہونا
- قیامت کے دن برہان اور نجات کا ذریعہ
- آگ سے بچانے والی

• ابنُ القیّم کہتے ہیں: اللہ کا ذکر کرنا ، اس کی طرف متوجہ ہونا، اس کی طرف رجوع کرنا اور نماز کی طرف لپکنا ، پس ایسا کرنے سے کتنے ہی ایسے علیل ہیں جنہیں شفا دے دہ گئی اور کتنے ہی ایسے بیمار ہیں جنہیں عافیت دے دی گئی۔

# نماز چھوڑنے کے نقصانات

- نماز چھوڑنا کفر و شرک
- نماز کا چھوڑنا ایمان سے محرومی
- منافق کی علامت
- جان بوجھ کر نماز چھوڑنے والے سے اللہ کی ذمہ داری کا ختم ہونا
- ایک نماز قضاء کرنا بڑے خسارے کا باعث

- ایک نماز چھوڑنا اعمال کی بربادی کا باعث
- نماز کے وقت سونے والے کے کان میں شیطان کا پیشاب کرنا
- بے نمازی کے لیے موت کی سختیاں
- بے نمازی کا قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ انجام

- الإمام ابن القیم رحمہ اللہ نے کہا: نماز میں یہ چھ صفات منافقت کی علامات ہیں:
- نماز کی طرف جاتے وقت سستی کا مظاہرہ کرنا
- نماز کو ادا کرتے ہوئے لوگوں کے لیے دکھلاوا کرنا
- اس کی ادائیگی میں تاخیر کرنا
- اور جلدی جلدی ٹھونگے مارنا
- اس میں اللہ کا ذکر کم کرنا
- باجماعت نماز پڑھنے سے پیچھے رہنا

# نماز کے اذکار اور دعائیں

## تکبیر تحریمہ

## اللہ اکبر

## تكبيرة الإحرام

اس کو کہنے اور اس کو بجا لانے سے انسان پر وہ چیز حرام ہو جاتی ہے جو اس سے پہلے اس پر حلال ہوتی ہے،

- پس جب وہ تکبیر کہتا ہے تو یہ کہنا اس کے لیے کھانا، پینا، ادھر ادھر دیکھنا، بات کرنا، آنا اور جانا حرام کر دیتا ہے
- اور اسی طرح دیگر وہ کام بھی حرام ہو جاتے ہیں جو اس پر نماز میں داخل ہونے سے پہلے حلال ہوتے ہیں۔[شرح سنن ابی داود لعبدالمحسن العباد]

تکبیر نماز کا رکن

نماز شروع کرنے کے لیے تکبیر کہنا لازم ہے

ہر اہم موقع پر تکبیر کہنا

سلف صالحین کا تکبیرہ تحریمہ میں شامل ہونے کا بہت زیادہ اہتمام کرنا

تکبیر کا تقاضا ہے کہ بندہ اللہ کو ہر چیز سے بڑا تسلیم کرے / اللہ کے علاوہ کسی اور چیز میں مشغول نہ ہو

" اللہ أکبر " کے معنی کو سمجھ کر پڑھنے سے بندے میں عاجزی اور خشوع پیدا ہوتا ہے

نماز میں اللہ کے سامنے اچھے طریقے سے کھڑا ہونے والا قیامت کے دن اللہ کے سامنے اچھا قیام پائے گا

علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز کی کنجی وضو ہے، اس کی تحریم اللہ اکبر کہنا ہے اور اس کی تحلیل السلام علیکم کہنا ہے۔ [سنن أبي داود: 61].

# نماز کی دعائیں

## قیام

تکبیر کہہ کر سینے پر ہاتھ باندھنا

نگاہیں سجدے کی جگہ پر رکھنا

کسی اور جانب توجہ نہ کرنا

## نماز میں قیام کی حکمت

- ابن قیم رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ
- نماز کا راز اور اس کا مغز بندے کا نماز میں اللہ کی طرف متوجہ ہونا اور دل کا مکمل طور پر اللہ کے سامنے حاضر ہونا ہے۔ اور بندے کا مقام ایسے معزز آدمی جیسا ہوتا ہے جو بادشاہ کے دروازے کی طرف جاتا ہے۔
- اور وہ اپنی غلطیوں اور لغزشوں کی معذرت کرنا چاہتا ہو، اس کی سخاوت اور رحمت کے بادلوں کی بارش مانگتا ہو، اور اس سے وہ کھانا طلب کرتا ہو جو اس کے دل کو غذا مہیا کرے تاکہ وہ اس کی خدمت میں قیام کرنے پر طاقت حاصل کرے۔ تو جب وہ اس کے دروازے پر پہنچا تو اب سوائے بادشاہ کے ساتھ سرگوشی کرنے کے کچھ باقی نہیں رہا۔ (یعنی نماز میں بندہ اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے)۔

# استفتاح کی دعائیں

اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلاً.

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا ہے اور حمد اللہ ہی کی ہے، بہت زیادہ، اور وہ (سب عیوب سے) پاک ہے، صبح و شام (اس کی یہ ثنا ہے)۔

• ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ لوگوں میں سے ایک آدمی نے کہا: اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلاً۔

• رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس طرح کے کلمات کہنے والا کون ہے؟ لوگوں میں سے ایک آدمی نے عرض کیا اے اللہ کے رسول میں ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے تعجب ہوا کہ اس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے گئے۔

• ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان کلمات کو پھر کبھی نہیں چھوڑا جب سے اس بارے میں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔

# استفتاح کی دعائیں

اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ

یا اللہ ! مجھ سے میرے گناہ اتنے دور کر دے جتنا تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ رکھا ہے۔ اے اللہ مجھے گناہوں سے اس طرح پاک صاف کر دے جیسے سفید کپڑا میل کچیل سے پاک صاف کیا جاتا ہے۔ اے اللہ میرے گناہ پانی، برف اور اولوں سے دھو دے۔



# استفتاح کی دعائیں



## گناہوں کی بخشش

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ-

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب! اور تیری ہی تعریف ہے،
اے اللہ! مجھے بخش دے۔

☆رکوع اور سجدہ میں

# نماز کی دعائیں

## تعوذ



### وسوسوں سے نجات کے لئے

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَ نَفْخِهٖ وَ نَفْثِهٖ۔

میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں، جو سننے والا اور جاننے والا ہے، شیطان مردود سے، اس کی اکساہٹ، اس کی پھونک اور اس کے وسوسے سے۔

# نماز کی دعائیں

## رکوع

• وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ (البقرة:43)

اور نماز قائم کرو اور زکوۃ دو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرو۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا مروی ہے کہ ایک آدمی ساٹھ سال نماز پڑھتا رہتا ہے، لیکن اس کی نماز قبول نہیں ہوتی، شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ رکوع تو پورا کرتا ہو لیکن سجدے مکمل نہ کرتا ہو یا سجدے پورے کرتا ہو لیکن رکوع پورے نہ کرتا ہو۔

[السلسلۃ الصحیحۃ:2535]


# رکوع کی دعائیں

1- سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ

میرا عظیم رب (ہر عیب سے) پاک ہے۔

2- سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

منزہ اور پاک ذات جو فرشتوں اور جبریل کا رب ہے۔



# رکوع کی دعائیں

3- سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ

پاک ہے تو اپنی تعریف کے ساتھ، تیرے سوا کوئی الہ نہیں۔



## گناہوں کی بخشش

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ۔

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب! اور تیری ہی تعریف ہے،
اے اللہ! مجھے بخش دے۔
☆رکوع اور سجدہ میں

رکوع میں تعظیم کا تین طرح اظہار
رکوع کے اندر تعظیم کی تین قسمیں جمع ہو جاتی ہیں:
1-دل کی تعظیم 2-اعضاء کی تعظیم 3-زبان کی تعظیم

# رکوع کی دعائیں

5- سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

پاک ہے تو اور تیرے ہی لیے تعریف ہے، میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور میں تیری طرف توبہ کرتا ہوں۔

6- سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے وہ جو قہر والا ہے، بادشاہت والا ہے، بڑائی والا ہے اور عظمت والا ہے۔

7- اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِي وَبَصَرِي وَمُخِّي وَعَظْمِي وَعَصَبِي

اے اللہ! میں تیرے لیے جھک گیا اور تجھ پر ایمان لایا، تیرے سامنے سر تسلیم خم کیا، تیرے لیے میری سماعت، میری بصارت، میرے (ہڈیوں کے) گودے اور میری ہڈیوں اور میرے اعصاب نے خشیت اختیار کی۔

# نماز کی دعائیں

## قومہ

### قومہ کی دعائیں

سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ

اللہ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔اے ہمارے رب! اور تیرے ہی لیے سب تعریف ہے۔بہت زیادہ، پاکیزہ اور بابرکت تعریف۔

سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اللَّهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمَوَاتِ وَمِلْءُ الْأَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ

اللہ نے اس کی بات سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔اے اللہ! اے ہمارے رب! تیرے ہی لیے ہر قسم کی تعریف ہے جس سے کہ آسمان بھر جائیں، اور زمین بھر جائے اور اس کے علاوہ ہر وہ چیز جسے تو چاہے کہ وہ بھر جائے۔

# قومہ کی دعائیں

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ
مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ أَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ أَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ
وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لاَ مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ وَلاَ مُعْطِيَ لِمَا
مَنَعْتَ وَلاَ يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ


اے ہمارے رب! تیرے ہی لیے ہر قسم کی تعریف ہے جس سے کہ آسمان بھر جائیں اور زمین بھر جائے اور ان کے علاوہ جو تو چاہے بھر جائے۔ اے وہ ذات جو تعریف اور . رگی کے لائق ہے! تیرے بندے نے جو تعریف کی تو اس کا زیادہ حقدار ہے اور ہم سب تیرے ہی بندے ہیں، اے اللہ جو تو عطا فرما دے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو روک لے اسے کوئی دے نہیں سکتا اور کسی صاحب حیثیت کو اس کی حیثیت تیرے ہاں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی۔



# قومہ کی دعائیں

اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءُ السَّمَاءِ وَمِلْءُ الأَرْضِ وَمِلْءُ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اللَّهُمَّ طَهِّرْنِي بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ اللَّهُمَّ طَهِّرْنِي مِنَ الذُّنُوبِ وَالْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الْوَسَخِ

اے اللہ! تیرے ہی لیے ہر قسم کی تعریف ہے جس سے کہ آسمان بھر جائیں، اور زمین بھر جائے اور ان کے علاوہ جو تو چاہے بھر جائے۔ اے اللہ! مجھے برف، اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ پاک کر دے، اے اللہ! مجھے گناہوں اور خطاؤں سے ایسے پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے۔



# نماز کی دعائیں

## سجدہ

### سجدے کی دعائیں

قرآن میں سجدہ کرنے کا حکم

• فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا

(النجم:62)

تو اللہ کو سجدہ کرو اور (اس کی) بندگی کرو۔

سجدہ اللہ تعالی کے قریب ہونے کا ذریعہ

• كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ

(العلق:19)

ہر گز نہیں، اس کا کہنا مت مان اور سجدہ کر اور بہت قریب ہو جا۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الأَعْلَى

میرا سب سے بلند و برتر رب (ہر عیب سے) پاک ہے۔

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ

اے اللہ! میرے گناہ بخش دے جو میں نے چھپ کر کیے اور جو میں نے اعلانیہ کیے۔

# سجدے کی دعائیں

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلاَئِكَةِ وَالرُّوحِ

منزہ اور پاک ذات جو فرشتوں اور جبریل کا رب ہے۔

سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ

پاک ہے تو، اور تیرے ہی لیے حمد ہے، تیرے سوا کوئی الہ نہیں۔

سُبْحَانَ ذِى الْجَبَرُوتِ وَالْمَلَكُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ

پاک ہے وہ جو قہر والا ہے، بادشاہت والا ہے، بڑائی والا ہے اور عظمت والا ہے۔

اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي كُلَّهُ دِقَّهُ وَجِلَّهُ وَأَوَّلَهُ وَآخِرَهُ وَعَلاَنِيَتَهُ وَسِرَّهُ

اے اللہ! میرے لئے میرے سب گناہ بخش دے، تھوڑے ہوں یا زیادہ، پہلے ہوں یا پچھلے، ظاہری ہوں یا چھپے ہوئے۔



# سجدے کی دعائیں



## گناہوں کی بخشش

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِكَ
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ۔

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب! اور تیری ہی تعریف ہے،
اے اللہ! مجھے بخش دے۔

☆رکوع اور سجدہ میں

# سجدے کی دعائیں

اللَّهُمَّ أَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْكَ لاَ أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ

اے اللہ! میں تیری ناراضگی سے تیری رضامندی کی اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں۔ اور میں تجھ سے (ڈر کر) تیری ہی پناہ میں آتا ہوں۔ میں تیری تعریف کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، تو ویسا ہی ہے جیسے کہ تُو نے خود اپنی ثنا بیان کی ہے۔



# سجدے کی دعائیں

اللَّهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ

اے اللہ ! میں نے تیرے لیے سجدہ کیا ، میں تجھ پر ایمان لایا، میں تیرا فرماں بردار ہوا، میرے چہرے نے اس ذات کو سجدہ کیا جس نے اس کو پیدا کیا، اسے شکل دی ، اس میں کان اور آنکھیں بنائیں، بڑی برکتوں والا ہے اللہ جو بہترین پیدا کرنے والا ہے۔



# سجدے کی دعائیں

اللَّهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا وَفِي سَمْعِي نُورًا وَفِي بَصَرِي نُورًا
وَعَنْ يَمِينِي نُورًا وَعَنْ شِمَالِي نُورًا وَأَمَامِي نُورًا وَخَلْفِي
نُورًا وَفَوْقِي نُورًا وَتَحْتِي نُورًا وَاجْعَلْ لِي نُورًا

اے اللہ! میرے دل میں نور پیدا فرمادے اور میری سماعت میں نور پیدا کردے اور میری بصارت میں نور بھر دے اور میرے دائیں طرف نور اور بائیں طرف نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور کردے اور میرے اوپر نور کردے اور میرے نیچے بھی نور پیدا فرما دے اور میرے لیے نور پیدا کردے۔

## دو سجدوں کے درمیان کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ لِي رَبِّ اغْفِرْ لِي

اے میرے رب! مجھے بخش دے،
اے میرے رب مجھے بخش دے۔

# نماز کی دعائیں

## تشہد

### تشہد کی دعائیں

التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

بقاو بادشاہت اللہ کے لیے ہے اور تمام عبادات اور تمام پاکیزہ کلمات بھی۔ اے نبی! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں ہوں۔ ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

- **التَّحِيَّاتُ**
  - حیاۃ
  - زندہ کرنا اور باقی رکھنا
  - **قولی عبادات**
- **والصلوات**
  - پانچ نمازیں
  - **فعلی عبادات**
- **والطیبات**
  - اللہ کا ذکر
  - **مالی عبادات**

# تشہد کی دعائیں



## درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی
آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد، اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی آلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد

اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح رحمت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر رحمت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے، اے اللہ! محمد ﷺ اور آلِ محمد ﷺ پر اسی طرح برکت نازل فرما جس طرح تونے ابراہیم اور آلِ ابراہیم پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ہی تعریف اور بزرگی والا ہے۔

# درود کے بعد کی دعائیں




اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ
الْقَبْرِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
عَذَابِ النَّارِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ
مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ،
اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ
الْاَعْوَرِ الْكَذَّابِ

اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں آگ کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ! میں اس کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا جھوٹا ہو گا۔

# درود کے بعد کی دعائیں




اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَ مَا
اَخَّرْتُ وَ مَا اَسْرَرْتُ وَ مَا اَعْلَنْتُ
وَ مَا اَسْرَفْتُ وَ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ
مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَ اَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ! میرے گناہ بخش دے جو میں نے پہلے کیے، جو بعد میں کیے، جو پوشیدہ کیے اور جنہیں ظاہر کیا، اور جو میں حد سے گزرتا رہا، اور وہ جن کے متعلق تو مجھ سے زیادہ باخبر ہے، تو ہی (جسے چاہے) آگے کرنے والا ہے اور (جسے چاہے) پیچھے رکھنے والا ہے۔ تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں۔


# درود کے بعد کی دعائیں




اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْاَعْوَرِ الْکَذَّابِ

اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں آگ کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ! میں اس کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا جھوٹا ہو گا۔

# درود کے بعد کی دعائیں



## گناہوں کی بخشش

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا
کَثِیْرًا وَّ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ
فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَ
ارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

اے اللہ! بے شک میں نے اپنے نفس پر بہت زیادہ ظلم کیا اور تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں ہے پس مجھے بخش دے، بخشش اپنی طرف سے اور مجھ پر رحم فرما، بے شک تو بہت معاف کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے۔

☆ نماز کے آخری تشہد میں